

AIOU

داخلہ خزاں 2024ء

# پراسپیکٹس

## ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز

(بی اے / بی کام)

اوپن کورسز


علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

www.aiou.edu.pk

# پراسپیکٹس

## سمسٹر: خزاں 2024ء

## ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز (Associate Degree Programmes)

- ایسوسی ایٹ ڈگری ان کامرس (بی کام)
- ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس (بی اے)
- اوپن کورسز (صرف آن لائن طریقہ کار کے تحت داخلہ لیا جا سکتا ہے)

داخلے سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں سمسٹرز بالترتیب مارچ اور ستمبر میں ہوتے ہیں اور ہر سمسٹر میں داخلہ فارم مع فیس بروقت جمع کروانا طالب علم کی ذمہ داری ہے۔

**Directorate of International Collaborration & Exchange**

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# CONTENTS


**Page No.**

**Vice-Chancellor's Message** .................... **ii**

Complete Procedure to Enroll in AIOU Programmes & Submission of Form in AIOU .................... iii

Important Activities .................... iv

Grading Scheme .................... vi

Maximum & Minimum Duration/Semester: Program on ODL Mode .................... vii

Revised Policy for Assessment for Associate Degree (AD) Programs .................... viii

**ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY** .................... **ix**

**ASSOCIATE DEGREE PROGRAMMES** .................... **1**

Associate Degree in Commerce (B.Com) .................... 2

Associate Degree in Arts (BA General) .................... 4

Associate Degree Programme (Open Courses) .................... 6

General Information .................... 11

Availability of Learning Material and Procedure for Fee Payment .................... 13

Procedure for Fee Payment .................... 13

Regulation for Refund of Admission Fee .................... 14

Refund of Other Fee .................... 15

Important Telephone Numbers .................... 15

# وائس چانسلر کا پیغام



علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کا شمار اس وقت دنیا کی میگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے۔ یہ یونیورسٹی بہت سی منفرد حیثیتوں کے حوالے سے دنیا بھر میں ممتاز مقام رکھتی ہے، یہ اس یونیورسٹی کی انفرادیت ہے کہ اس کا دائرہ کار پاکستان اور دنیا کے بہت سے ممالک میں ہے۔ بیرون ملک علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نہ صرف وہاں مقیم پاکستانیوں کو بلکہ دیگر شہریت کے حامل طلباء کو تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ یہ ملک کی واحد یونیورسٹی ہے جس میں مرد/عورت، عمر اور علاقے کی کوئی قید نہیں۔ ملک بھر کے ہر حصے سے ہر عمر کے افراد اس یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ وطن عزیز کے دیہاتوں، قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع کم ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اِن سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن سرانجام دے رہی ہے۔ حالیہ یونیورسٹی کے مجموعی نظام کو ڈیجیٹلائزڈ (Digitalized) کر دیا گیا ہے، مزید برآں طلبہ کو تمام سہولتیں آن لائن بھی دستیاب ہوں گی۔

آپ کی تعلیم کی ترقی کے لیے کوشاں

پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

## COMPLETE PROCEDURE TO
## ENROLL IN AIOU PROGRAMME AND SUBMISSION OF FORM IN AIOU ISLAMABAD

**International & Overseas Students Shall Submit their Admission using Online System**

**Dear Applicant**

Allama Iqbal Open University and Directorate of International collaboration & Exchange welcome and thanks you for showing your interest in our programs. For online admission, please watch video guidelines:

| | |
|---|---|
| Fresh Enrollment: | https://www.youtube.com/watch?v=_14IPtu4vnk |
| Continuing Students: | https://www.youtube.com/watch?v=d52VGci6XNQ |
| Fee Depositing Process: | https://www.youtube.com/watch?v=A33WSSY9pbA&t=9s |

**THANKS AND LET US KNOW HOW WE CAN HELP OR GUIDE YOUR FURTHER**

**Admission Schedule for International student:**

From semester Autumn 2021, the AIOU has started offering of Matric, FA, Certificate Courses, AD, BS, B.Ed BBA and PGD Level Programs for international students. Schedule of Admission is given below:

**01st September 2024 to 15th October 2024**

**Address:**

**Directorate of International Collaboration and Exchange**
Room No. 102, Block No. 11, Allam Iqbal Open University
Sector H-8, Islamabad, Pakistan
**Telephone:** 0092519250175, 0092519572495
**Email:** overseas@aiou.edu.pk

# داخلہ فارم پُر کرنے سے پیشتر مندرجہ ذیل ہدایات پڑھنا لازم ہیں

1- داخلہ فارم پر اپنے گروپ کا نام لازمی لکھیں۔

2- کسی بھی پروگرام میں پہلی بار داخلہ لیتے وقت کورسز فیس کے ہمراہ داخلہ فیس بھی آن لائن جمع کروانا لازم ہے جبکہ پروگرام رجسٹریشن فیس ہر نئے پروگرام میں جمع کروانی لازم ہے۔

3- (الف) داخلہ فارم کے ہمراہ بورڈ سے جاری شدہ SSC/HSSC کی اسناد/ مارکس شیٹ جس میں پاس شدہ مضامین کی تفصیل درج ہو، شناختی کارڈ، ڈومیسائل کی تصدیق شدہ کاپیاں آن لائن فارم میں منسلک کرنا لازم ہے۔

(ب) یونیورسٹی ہذا سے ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ مکمل کرنے والے طلباء و طالبات پروویژنل سرٹیفکیٹ یا سند کی مصدقہ نقول فارم کے ساتھ upload کریں۔ (رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔)

4- **مقررہ مدت میں پروگرام مکمل کرنے کے لیے لازم ہے کہ طلباء و طالبات ہر سمسٹر (مارچ، ستمبر) کی فیس یونیورسٹی کے طریقہ کار کے مطابق جمع کروائیں۔ جاری طلبہ (Continuing Students) یونیورسٹی website (http://online.aiou.edu.pk) پر online داخلہ / انرولمنٹ فارم پُر کرکے فیس مجوزہ طریقے سے جمع کروائیں۔**

5- کسی بھی لحاظ سے نامکمل (مثلاً کم فیس، غیر تصدیق شدہ/ غیر واضح اسناد، نامکمل معلومات) داخلہ فارم قابل قبول نہیں ہوگا اور سمسٹر کے اختتام پر فارم میں کمی کی نشاندہی بذریعہ خط Website / e-mail دی جائے گی۔ البتہ اعتراضات دور کرنے کی صورت میں آئندہ سمسٹر میں داخلہ ممکن ہوگا۔

6- **طلباء و طالبات کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنا پتہ برائے خط و کتابت واضح طور پر تحریر کریں۔**

7- داخلہ فیس مروجہ طریقہ کار کے مطابق آن لائن (Online) جمع کروانا لازم ہے۔ داخلہ فیس بذریعہ بینک ڈرافٹ/ منی آرڈر قابل قبول نہ ہے۔

8- یونیورسٹی نے اپنے تدریسی دورانیے کو چھ ماہ کی مدت میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر چھ ماہ کے عرصہ کو سمسٹر کہتے ہیں جس کے دوران طالب علم پڑھتے ہیں، امتحانی مشقیں حل کرتے ہیں، امتحان کی تیاری کرتے ہیں اور امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔

9- داخلہ کے لیے مطلوبہ اسناد جعلی ثابت ہونے کی صورت میں نہ صرف داخلہ منسوخ ہوگا بلکہ طالب علم کی ادا شدہ فیس بھی ضبط کر لی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

10- **داخلہ فارم میں فراہم کردہ معلومات کسی بھی وقت غلط/ جھوٹ پائے جانے یا داخلہ کے لیے مقرر کردہ شرائط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں یونیورسٹی داخلہ منسوخ کرنے کی مجاز ہوگی اور یہ کہ طالب علم سرٹیفکیٹ/ ڈگری کے حصول کے لیے دعویٰ کا حق دار نہیں ہوگا۔**

11- ایک وقت میں دو مختلف پروگراموں میں داخلہ نہیں لیا جا سکتا۔ ایسی صورت میں یونیورسٹی قواعد کے مطابق نئے پروگرام کا داخلہ منسوخ اور فیس بھی ضبط کرنے کی مجاز ہوگی۔

12- کسی قسم کی ترمیم/ داخلے کی منسوخی کے لیے درخواست کے ساتھ طالب علم/ طالبہ کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کرنا ضروری ہے۔

13- آگاہ رہیے کہ کسی نجی ادارے یا فرد کو اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ یونیورسٹی کی طرف سے داخلہ فارم یا فیس وصول کریں۔ فیس یا فارم میں بدعنوانی کی صورت میں یونیورسٹی اس کی ذمہ دار نہ ہوگی اور طالب علم کے خلاف تادیبی کارروائی بھی کی جا سکتی ہے۔

14- تمام انٹرنیشنل اور اوورسیز طلباء کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنا داخلہ فارم آن لائن (Online) جمع کروانے کے بعد پہلے سمسٹر کی فیس بھی اسی وقت آن لائن جمع کروائیں۔ بصورت دیگر ان کا داخلہ AIOU میں نہیں ہوگا۔

20- داخلہ فارم پُر کرنے یا آن لائن فیس جمع کروانے میں کسی بھی دشواری کی صورت میں Directorate of International Collaboration & Exchange سے بذریعہ Email: ice@aiou.edu.pk رابطہ کریں۔

# یاد رکھیں!

-1 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے داخلے سال میں دو مرتبہ ہوتے ہیں:

☆ سمسٹر بہار کے داخلے ماہ **مارچ** میں ہوتے ہیں **جب کہ** سمسٹر خزاں کے داخلے ماہ **ستمبر** میں ہوتے ہیں۔

-2 اگر آپ سمسٹر بہار (مارچ) میں پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر خزاں کی داخلہ فیس (ستمبر) میں جمع کروانا ہوگی۔

-3 اگر آپ سمسٹر خزاں (ستمبر) میں پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر بہار کی داخلہ فیس (مارچ) میں جمع کروانا ہوگی۔

-4 **ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ 18 کریڈٹ آورز میں داخلہ لیا جا سکتا ہے۔**

-5 **جاری طلبہ** (Continuing Students) **یونیورسٹی** website (http://online.aiou.edu.pk) پر online **انرولمنٹ فارم پُر کرکے فیس آن لائن ہی جمع کرا سکتے ہیں۔** Online انرولمنٹ لینے کا طریقہ کار شروع کے صفحات پر تفصیل سے موجود ہے۔

| سمسٹر شیڈول | | | |
|---|---|---|---|
| **نمبر شمار** | **سرگرمی** | **سمسٹر بہار** | **سمسٹر خزاں** |
| 1 | داخلہ | مارچ - اپریل | ستمبر - اکتوبر |
| 2 | مطالعہ کی مدت | جون - اکتوبر | دسمبر - اپریل |
| 3 | امتحانات | اکتوبر - نومبر | اپریل - مئی |
| 4 | نتائج | جنوری | جولائی |

**نوٹ:** شیڈول کی مقرر کردہ تاریخوں کی معلومات کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk ملاحظہ کریں۔

## AIOU Grading Scheme *

| Marks | Grade |
|---|---|
| 80% and above | A+ Grade |
| 70% to 79% | A-Grade |
| 60% to 69% | B-Grade |
| 50% to 59% | C-Grade |
| 40% to 49% | D-Grade |
| Below 40% | Fail |

* For those students who were enrolled under grading scheme.

## AIOU GPA/CGPA Scheme **

| Marks % | Grade Point Average | Marks % | Grade Point Average | Marks % | Grade Point Average | Marks % | Grade Point Average |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 50 | 2.00 | 58 | 2.54 | 66 | 3.07 | 74 | 3.61 |
| 51 | 2.07 | 59 | 2.60 | 67 | 3.14 | 75 | 3.68 |
| 52 | 2.13 | 60 | 2.67 | 68 | 3.21 | 76 | 3.74 |
| 53 | 2.20 | 61 | 2.74 | 69 | 3.27 | 77 | 3.81 |
| 54 | 2.27 | 62 | 2.80 | 70 | 3.34 | 78 | 88 |
| 55 | 2.34 | 63 | 2.87 | 71 | 3.41 | 79 | 94 |
| 56 | 2.40 | 64 | 2.94 | 72 | 3.47 | 80-100 | 4.00 |
| 57 | 2.47 | 65 | 3.01 | 73 | 3.54 | | |

| Marks Obtained | Grade | Grade Point Average (GPA) |
|---|---|---|
| 80-100% | A | 4 |
| 65-79% | B | 3 |
| 50-64% | C | 2 |
| Below 50% | F | 0 |

** For those students who were enrolled under GPA/CGPA Scheme.

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی منظور شدہ پالیسی برائے کم از کم/زیادہ سے زیادہ دورانیہ تعلیمی پروگرامز (ODL)

## Minimum and Maximum Duration/Semesters: Programs on ODL Mode

| Sr. No. | Degree Level | Minimum Duration | Maximum Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | SSC/HSSC | 2 years / 4 semesters | 5 years |
| 2 | Certificate (6 Months) | 6 Months / 1 semester | 1 years |
| 3 | All Postgraduates Diplomas (1 Year) | 1 years / 2 semesters | 3 years |
| 4 | Associate Degree (2 Years) | 2 years / 4 semesters | 4 years |
| 5 | B. Ed (1.5 Years) | 1.5 years / 3 semesters | 3 years |
| | B. Ed (2.5 Years) | 2.5 years / 5 semesters | 5 years |
| 6 | BS/BBA/BEd (4 Years) | 4 years / 8 semesters | 8 years |
| 7 | MEd (1 Year) | 1 years / 2 semesters | 3 years |
| 8 | All Master Degree Programmes (2Years) | 2 years / 4 semesters | 4 years |

نوٹ: سمسٹر بہار 2021 سے ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (بی اے/بی کام) پاس کرنے کا دورانیہ کم از کم دو سال (چار سمسٹر) ہے اور زیادہ سے زیادہ چار (4) سال ہے۔ اگر طالب علم مذکورہ پروگرام کی تکمیل چار (4) سال میں نہیں کر پاتا تو اسے مذکورہ پروگرام میں دوبارہ سے نیا داخلہ لینا ہو گا۔

## Revised Policy for Assessment for Associate Degree (AD) Programmes

For Associate Degree Programmes, the existing formula i.e. 30%:70% with passing marks 50% aggregate will be followed. Securing passing marks in assignments/practical/any other component is not compulsory from semester Autumn 2021 onwards, however, securing passing marks i.e. 40% in final exam will be mandatory. If a student gets 40 marks out of 100 in the final exam and does not score 50% aggregate marks, he/she will be declared fail in the respective course.

| Weightage of Assignments Marks | Weightage of Final Exam Marks | Passing Marks |
|---|---|---|
| 30% | 70% | 50% (in aggregate). However 40% marks in final exams is mandatory |

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی (جس کا مین کیمپس اسلام آباد میں ہے) کا شمار اس وقت دنیا کی چار میگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے۔ 1974ء میں پارلیمنٹ کے ایکٹ (XXXIX) کے تحت قائم ہوئی۔ اُس وقت یہ دنیا کی دوسری اور ایشیا اور افریقہ کی پہلی اوپن یونیورسٹی تھی مگر اب دنیا میں فاصلاتی نظام تعلیم پر مبنی 100 سے زائد یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔

پاکستان میں اوپن یونیورسٹی کے قیام کا بنیادی مقصد فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے ان لوگوں کو جو بوجوہ رسمی تعلیم سے استفادہ نہیں کر سکے یا جن کا سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا تھا، ان کے گھروں کی دہلیز پر تعلیمی سہولیات مہیا کرنا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، وطن عزیز کے دیہاتوں قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، ان سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن سرانجام دے رہی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی غیر رسمی طریقہ تعلیم کے ذریعے مختلف تعلیمی پروگرام پورے ملک میں عام کر کے قومی یونیورسٹی کی صورت میں اُبھری ہے۔ فاصلاتی نظام تعلیم روایتی اور رسمی نظام تعلیم کے برعکس متنوع بھی ہے اور ہمہ گیر بھی۔ طلبا اس کے ذریعے میسر وقت میں سہولت کے ساتھ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ انہیں طبع شدہ کورسز اور مجوزہ کتب کے علاوہ ٹیوٹوریل، گروہی سرگرمیاں اور دوسری ملٹی میڈیا سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بنیادی تعلیم سے لے کے پی ایچ ڈی کی سطح تک کے پروگرام پیش کر رہی ہے۔ یونیورسٹی کے تدریسی اور انتظامی کام کی مناسب اور موزوں ترویج و اشاعت کے لیے ملک کے مختلف مقامات پر 49 سے زائد علاقائی دفاتر بھی کام کر رہے ہیں نیز طلبہ کی رہنمائی کے لیے مختلف شہروں میں رابطہ دفاتر بھی قائم کئے گئے ہیں۔ یونیورسٹی نے ملک بھر میں مطالعاتی مراکز قائم کیے ہیں جہاں فاصلاتی نظام تعلیم کے طلبہ اپنے ٹیوٹرز سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی نے کل وقتی مطالعاتی مراکز بھی قائم کیے ہیں جہاں پر ایم بی اے (آئی ٹی)، بینکنگ اینڈ فنانس، بی ایس (سی ایس) اور ایم ایس کے طلبہ کو بالمشافہ تعلیمی رہنمائی مہیا کی جاتی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور اس کے جملہ علاقائی دفاتر تعلیمی سال کے دوران نصابی اور تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور مختلف نوعیت کی علمی، ادبی اور قومی تقریبات کے انعقاد کا اہتمام کرتے ہیں جن میں ہمارے طلبہ و اساتذہ کے ساتھ ساتھ علاقے کے معزز و سرکردہ اراکین اور صاحبان علم و دانش شرکت کرتے ہیں۔

اوپن یونیورسٹی سمسٹر سسٹم کے مطابق کام کر رہی ہے۔ طلبہ کا داخلہ سال میں دو بار سمسٹر خزاں اور سمسٹر بہار میں ہوتا ہے۔ انڈر گریجویٹ طلبہ کے لیے دونوں سمسٹر میں داخلے ہوتے ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ سطح پر داخلہ سال میں ایک بار ہوتا ہے۔ طلبہ کو یونیورسٹی کی اپنی تیار کردہ کتابیں بھجوائی جاتی ہیں، ان کتابوں کے ہمراہ تفویضی مواد بھی بھجوایا جاتا ہے۔ اکثر کورسز میں ریڈیو اور ٹی وی پروگرامز کے ذریعے بھی تعلیمی اور تدریسی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ طلبہ کی رہنمائی کے لیے ملک بھر سے جز وقتی ٹیوٹرز کی خدمات بھی حاصل کی جاتی ہیں نیز ہر طالب علم کو مراسلت اور ٹیوٹوریل میٹنگ کے ذریعے بھی تدریسی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

یونیورسٹی کے سائنس کے طلبہ کے لئے "یونیورسٹی سائنس کمپلیکس" کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں سائنس کے تمام ڈسپلنز کے ریسرچ اسکالرز کے لئے بین الاقوامی معیار کی حامل جدید سائنسی تجربہ گاہوں کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی مرکزی لائبریری اور سٹوڈنٹس ہوسٹل میں انٹرنیٹ لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے تاکہ یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ اپنی علمی و تحقیقی کاوشوں کو جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کر سکیں۔

# 1- ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز بی اے/بی کام

## Associate Degree Programmes (BA/B.Com)

بیچلر کی سطح پر یونیورسٹی درج ذیل پروگرام پیش کر رہی ہے۔

1۔ ایسوسی ایٹ ڈگری اِن کامرس (Associate Degree in Commerce)

2۔ ایسوسی ایٹ ڈگری اِن آرٹس (Associate Degree in Arts)

(i) ایسوسی ایٹ ڈگری اِن آرٹس پروگرام میں داخلے کے لیے انٹرمیڈیٹ میں پاس ہونا ضروری ہے ورنہ داخلہ نہ ہوگا۔

(ii) ایسوسی ایٹ ڈگری اِن کامرس پروگرام میں داخلے کے لیے انٹرمیڈیٹ میں پاس ہونا ضروری ہے ورنہ داخلہ نہ ہوگا۔

(iii) داخلے کے لیے شناختی کارڈ یا ب فارم کی کاپی۔ میٹرک، ایف اے/ایف ایس سی/ آئی کام کی یونیورسٹی/بورڈ سے جاری شدہ مارکس سیٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں اور اپنی تصویر اپلوڈ کریں۔

(iv) **والد/والدہ کے شناختی کارڈ یا ڈومیسائل کی کاپی ہرگز اپلوڈ نہ کریں۔**

(v) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ہائر سیکنڈری سٹیفکیٹ مکمل کرنے والے طلباء و طالبات پروویژنل سٹیفکیٹ یا سند کی مصدقہ نقل اپلوڈ کریں۔ (رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہیں ہوگا) انٹرنیٹ سے لیا گیا پرنٹ قابل قبول نہیں۔

(vi) ثانویہ خاصہ /فاضل عربی /اردو وغیرہ کے حامل امیدواران کے لیے انٹر بورڈ کوآرڈینیشن کمیشن IBCC کا جاری کردہ مساوی سٹیفکیٹ (Equivalance Certificate) آن لائن اپلوڈ کرنا لازم ہے بصورت دیگر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔

(vii) دوسری یونیورسٹیوں اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے گریجوایٹ بی اے/بی اے ایسوسی ایٹ ڈگری کے کورسز میں سے کسی ایک کورس یا زیادہ میں اضافی طور پر داخلہ لے سکتے ہیں۔ انہیں کسی بھی گروپ میں شامل کورسز میں داخلہ پر دوبارہ ڈگری جاری نہیں کی جائے گی البتہ انہیں اضافی کورس پاس کرنے کا سٹیفکیٹ مل سکے گا۔

(viii) **غیر مسلم طلباء و طالبات کے لیے اسلامیات کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔ مسلمان طلباء و طالبات اخلاقیات اور غیر مسلم طلباء و طالبات اسلامیات لازمی کا مضمون دورانیہ تین کریڈٹ آورز کے طور پر نہیں لے سکتے۔**

(ix) نامکمل داخلہ فارم کے بارے میں طلباء کو اعتراض سے آگاہ کر دیا جاتا ہے۔ اگر طلباء مقرر کردہ آخری تاریخ تک اعتراض دور کر کے شعبہ داخلہ کو ثبوت مہیا کر دیں تو داخلہ اُسی سمسٹر میں ممکن ہو جاتا ہے بصورت دیگر طالبعلم کو فیس واپسی کی درخواست اصل چالان رسید لگا کر دینا ہوگی۔ ایسے طلباء آئندہ سمسٹر میں نئی فیس کے ساتھ داخلہ کے سکتے ہیں۔ لہذا داخلہ فارم میں مکمل طور پر درست کوائف کا اندراج کیا جائے۔ دوسری صورت میں داخلہ نہ ہونے کی تمام تر ذمہ داری طالبعلم ہوگی۔

(x) داخلہ ہو جانے اور کتب کی ترسیل کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

(xi) پہلی دفعہ داخلہ لینے والوں کے لیے فیس کے ہمراہ رجسٹریشن فیس جمع کرانا لازمی ہے۔

(xii) یاد رہے کہ سمسٹر کے دوران کورس یا پتہ کی تبدیلی ممکن نہیں ہے۔ لیکن کورس میں تبدیلی صرف مطالعہ کی مدت (Study Period) شروع ہونے سے قبل ممکن ہے۔ مطالعہ کی مدت (Study Period) شروع ہونے کے بعد کورس میں تبدیلی کسی صورت ممکن نہیں۔ کورس میں تبدیلی فی کورس فیس جمع کروانے اور موصول شدہ کتب شعبہ ترسیل کو واپس کرنے کے صورت میں ممکن ہوگی۔

(xiii) ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام چار سمسٹر پر مشتمل ہے۔

(xiv) آن لائن داخلہ فارم کے تمام کالمز پُر کرنا ضروری ہے۔ بالخصوص موبائل نمبر اور شناختی کارڈ نمبر لکھنا ضروری ہے بصورت دیگر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔ جن طلبہ کا ابھی تک شناختی کارڈ نہیں بنا یا کم عمری کی صورت میں وہ فارم "ب" کا شناختی نمبر لازمی لکھیں۔

(xv) کسی بھی طالبعلم کی ڈگری/ڈپلومہ/سٹیفکیٹ اجراء کے بعد مندرجہ ذیل وجوہات کی بناء پر منسوخ کر دیا جائے گا/ کر دی جائے گی۔

i۔ اگر کسی بھی مرحلے پر نتیجہ کی تالیف یا اعلان میں کوئی غلطی پائی گئی۔

ii۔ اگر کوئی بھی امیدوار کسی بھی موقع پر ڈگری کے اجراء/رزلٹ کی تصدیق کے وقت نا اہل قرار پایا گیا۔

iii۔ امیدوار طالبعلم نے جعلی دستاویزات جمع کرائے ہوں۔

## 1.1 ۔ ایسوسی ایٹ ڈگری ان کامرس (بی کام)
## (Associate Degree in Commerce)

**اہلیت:** ایسوسی ایٹ ڈگری ان کامرس پروگرام (بی کام) میں داخلے کے لئے انٹرمیڈیٹ یا مساوی تعلیم میں پاس ہونا ضروری ہے۔

ایسوسی ایٹ ڈگری (بی کام) پروگرام کا شمار علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے مقبول ترین پروگرامز میں سے ہوتا ہے۔ اِسے ملک کے مالیاتی اور کاروباری منڈیوں کی ضرورت کے مطابق خصوصی طور پر تیار کیا گیا اور وقت کے جدید تقاضوں کے ساتھ ساتھ اس میں بہتری لانے کا سلسلہ جاری ہے۔

بی کام ڈگری کے حامل طلبہ کمرشل بنکوں اور مالیتی اداروں میں بطور کیشئر اور OG-III کرنے کے اہل ہوسکیں گے۔ اس کے علاوہ سرکاری نیم سرکاری اور نجی اداروں میں بطور آڈیٹر، اسسٹنٹ آڈیٹر، اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ، اسسٹنٹ منیجر کے بھی اہل ہوسکیں گے۔

بی کام چار سمسٹر پر مشتمل دو سالہ پروگرام ہے۔ جس میں طالب علم کو 66 کریڈٹ آورز پاس کرنا ہوں گے۔ ذریعہ تعلیم online ہے اس میں ٹیوٹوریل کلاسز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جہاں ٹیوٹر حضرات طالب علموں کی رہنمائی کے لئے موجود ہوتے ہیں۔ درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ درسی مواد کو ہر لحاظ سے مکمل بنانے اور مزید وضاحت اور تقویت کے لئے ریڈیو اور ٹیلی وژن کے پروگرام بھی پیش کیے جاتے ہیں۔

کسی بھی کورس میں کامیابی کے لئے طالب علموں کو امتحانی مشقوں اور آخری امتحان میں کم از کم 50% نمبر لینا ضروری ہیں۔ طلبہ آخری سمسٹر کے دوران یا بعد میں 3 ماہ کی پریکٹیکل ٹریننگ کسی تجارتی ادارے، بنک یا کمپنی کے ساتھ مکمل کریں گے۔ یہ ٹریننگ ڈگری کے حصول کے لئے لازمی ہے۔

## 1.1 ۔ بی کام (B.Com)
## (Associate Degree in Commerce)

تمام سمسٹرز اور مضامین لازمی ہیں۔

پہلا سمسٹر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 416 | Islamiat Or | اردو | 3 |
| 418 | Ethics (for non-muslim student only) | اردو | 3 |
| 417 | Pakistan Studies | اردو | 3 |
| 1423 | Compulsory English - I | انگلش | 3 |
| 1431 | Basics of Information & Communication Technology | انگلش | 3 |

دوسرا سمسٹر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 402 | Economics | انگلش | 6 |
| 438 | Principles of Accounting | انگلش | 3 |
| 463 | Fundamentals of Business | انگلش | 3 |
| 1424 | Compulsory English-II | انگلش | 3 |
| 1429 | Business Mathematics | انگلش | 3 |

## تیسرا سمسٹر

| کریڈٹ آورز | میڈیم | کورس ٹائٹل | کوڈ |
|---|---|---|---|
| 3 | انگلش | Commercial Geography | 1428 |
| 3 | انگلش | Business Statistics | 1430 |
| 3 | انگلش | Fundamentals of Money and Banking | 1414 |
| 3 | انگلش | Financial Accounting | 1413 |
| 3 | انگلش | Business Taxation | 456 |
| 3 | انگلش | Business Communication | 1416 |

## چوتھا سمسٹر

| کریڈٹ آورز | میڈیم | کورس ٹائٹل | کوڈ |
|---|---|---|---|
| 3 | انگلش | Auditing | 481 |
| 3 | انگلش | Advanced Accounting | 444 |
| 3 | انگلش | Introduction to Business Finance | 1415 |
| 3 | انگلش | Cost Accounting | 462 |
| 3 | انگلش | Mercantile Law | 460 |
| 3 | انگلش | Principle of Management | 1427 |

## 1.2- ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس (بی اے)

### Associate Degree in Arts (B.A)

**اہلیت:**

1- ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس میں داخلے کے لیے انٹرمیڈیٹ یا مساوی تعلیم کا پاس ہونا ضروری ہے۔

2- ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس چار سمسٹرز پر مشتمل دو سالہ پروگرام ہے جس میں طالب علم کو 66 کریڈٹ آورز پاس کرنا ہوں گے۔

3- ذریعہ تعلیم **online** ہے اس میں ٹیوٹوریل کلاسز کا اہتمام کیا جاتا ہے جہاں ٹیوٹر حضرات طلبہ کی رہنمائی کے لیے موجود ہوتے ہیں۔

4- درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ درسی مواد کو ہر لحاظ سے مکمل بنانے، مزید وضاحت اور تقویت کے لیے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام بھی پیش کیے جاتے ہیں۔

5- یونیورسٹی کی حالیہ پالیسی کے مطابق کسی بھی کورس میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے طلبہ کو امتحانی مشقوں اور فائنل امتحان میں مجموعی طور پر 50% نمبر حاصل کرنا ضروری ہے جبکہ فائنل امتحان میں 40% نمبر لینا ضروری ہے۔

### پہلا سمسٹر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 416<br>418 | اسلامیات **یا**<br>اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلبہ وطالبات کے لیے) | اردو<br>اردو | 3<br>3 |
| 417 | مطالعہ پاکستان | اردو | 3 |
| 1423 | انگریزی (حصہ اول) Compulsory English-I | انگلش | 3 |

طلبہ ان کے ساتھ کوئی ایک 3 کریڈٹ آورز کا کورس اختیاری مضامین کی فہرست میں سے بھی منتخب کریں۔

### دوسرا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 1424 | انگریزی (حصہ دوئم) Compulsory English-II | انگلش | 3 |
| 1429 | بزنس میتھمیٹکس Business Mathematics | انگلش | 3 |
| 1431* | Basics of Information & Communication Technology | انگلش | 3 |

ان کورسز کے علاوہ کوئی ایک چھ کریڈٹ اور ایک تین کریڈٹ کورس **یا** کوئی تین کریڈٹ آورز کے تین کورسز اختیاری مضامین کی فہرست میں سے منتخب کریں۔

* کورس کوڈ **1431** کی کتاب انگریزی میں ہے تاہم طلبہ امتحانی مشقیں (Assignments) اور امتحان اردو یا انگریزی میں دے سکتے ہیں۔

### تیسرا سمسٹر

طلباء اختیاری مضامین کی فہرست میں سے کوئی چھ کریڈٹ آورز کے تین کورسز منتخب کریں **یا** تین کریڈٹ آورز کے چھ کورسز منتخب کریں۔ (پہلے سے منتخب کردہ کورسز کے علاوہ)

### چوتھا سمسٹر

اختیاری مضامین کی فہرست میں سے کوئی چھ کریڈٹ آورز کے تین کورسز کا انتخاب کریں **یا** تین کریڈٹ آورز کے چھ کورسز منتخب کریں۔ (پہلے سے منتخب کردہ کورسز کے علاوہ)

## اختیاری مضامین

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 402 | معاشیات | اردو/انگلش | 6 |
| 404 | اردو | اردو | 6 |
| 405 | اقبالیات | اردو | 6 |
| 406 | معاشیات پاکستان | اردو | 6 |
| 407 | جدید دنیائے اسلام | اردو | 6 |
| 408 | عربی | عربی | 6 |
| 409 | کمرشل جغرافیہ | اردو | 6 |
| 411 | عمرانیات (حصہ اول) | اردو | 6 |
| 412 | سوشل و کلچرل انتھروپالوجی | اردو | 6 |
| 413 | عمرانیات (حصہ دوم) | اردو | 3 |
| 414 | آبادیات | اردو | 6 |
| 419 | علم التعلیم | اردو | 6 |
| **422*** | **وسائل کتب خانہ تنظیم و ترتیب** | اردو | 6 |
| **423*** | **خدمات کتب خانہ** | اردو | 6 |
| 426 | پاکستانی ادب (حصہ دوم) | اردو | 6 |
| 427 | پاکستانی ادب (حصہ اول) | اردو | 3 |
| 429 | لٹریسی اینڈ ماس ایجوکیشن | اردو | 6 |
| 430 | اصول صحافت | اردو | 6 |
| 431 | رپورٹنگ Reporting | اردو | 3 |
| 436 | سیرت طیبہ | اردو | 6 |
| 437 | اسلامیات (اختیاری) | اردو | 6 |
| **438**** | **پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ Principles of Accounting** | انگلش | 3 |
| **444**** | **ایڈوانس اکاؤنٹنگ Advance Accounting** | انگلش | 3 |
| 449 | مجلاتی صحافت | اردو | 3 |
| 451 | تعلقات عامہ | اردو | 3 |
| 452 | ابلاغ عامہ | اردو | 3 |
| 453 | ریڈیو براڈکاسٹنگ | اردو | 3 |
| 454 | ٹی وی براڈکاسٹنگ | اردو | 3 |
| 455 | تدوین کتب | اردو | 3 |
| 456 | بزنس ٹیکسیشن Business Taxation | انگلش | 3 |
| 458 | کمیونٹی ڈیولپمنٹ | اردو | 6 |
| 460 | مرکنٹائل لاء Mercentile Law | انگلش | 3 |
| 461 | ایڈورٹائزنگ | اردو | 3 |
| 462 | کاسٹ اکاؤنٹنگ Cost Accounting | انگلش | 3 |
| 463 | فنڈامینٹلز آف بزنس Fundamentals of Business | انگلش | 3 |
| 464 | اسلامی فقہ | اردو | 6 |
| **466*** | **کتب خانوں کی تاریخ بحوالہ پاکستان** | اردو | 6 |
| **467*** | **درجہ بندی و کیٹلاگ** | اردو | 6 |
| 472 | قرآن حکیم (ترجمہ و تفسیر سورۃ البقرہ و آل عمران) | اردو/عربی | 6 |
| 481 | آڈیٹنگ Auditing | انگلش | 3 |
| 484 | غذا اور غذائیت | اردو | 3 |
| 485 | صحت اور غذائیت | اردو | 3 |
| 473 | حدیث | اردو/عربی | 6 |
| 487 | بچے کی نشوونما | اردو | 3 |
| 1421 | ابتدائی ماحولیات Introduction to Environment | انگلش | 3 |
| 1430 | بزنس سٹیٹسٹکس Business Statistics | انگلش | 3 |

**نوٹ**: **کورس** 466* اور 467* میں داخلہ لینے سے پہلے **422** اور **423** کورسز پاس کرنا لازمی ہیں کورس **438**** اور **444**** ایک سمسٹر میں لئے جا سکتے ہیں لیکن کورس کوڈ **444** سے پہلے کورس کوڈ **438** نہیں لیا جا سکتا۔
ایسوسی ایٹ ڈگری سطح کے تمام گروپ میں لازمی انگریزی (حصہ دوم) میں داخلہ لینے سے پہلے لازمی انگریزی (حصہ اول) پڑھیں۔ اس کے علاوہ لازمی انگریزی (حصہ اول) اور (حصہ دوم) ایک ہی سمسٹر میں نہیں لئے جا سکتے۔

## 1.3- ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کے اوپن کورسز

### تعارف

AIOU مختلف سطحوں پر مختلف سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ، اور ڈگری پروگرام پیش کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، یونیورسٹی متعلقہ طلباء کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے انفرادی کورسز بھی پیش کرتی ہے جو اپنی اعلیٰ تعلیم یا پیشہ ورانہ کیریئر کے حصول کے لیے مختلف ضروریات کو پورا کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان طلباء میں شامل ہو سکتے ہیں لیکن ان تک محدود نہیں:

- ☆ اوپن کورسز میں داخلہ صرف آن لائن طریقہ کار کے تحت ہی لیا جا سکتا ہے۔
- ☆ وفاق المدارس کے طلباء جنہیں ایچ ای سی سے مساوات کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے اضافی کورسز کی ضرورت ہے۔
- ☆ وہ طلباء جو انفرادی کورسز کا خود مطالعہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ کسی خاص مضمون کے بارے میں اپنے علم اور سمجھ میں اضافہ ہو سکے۔
- ☆ پریکٹیشنرز جنہیں اپنے پیشے میں سبقت حاصل کرنے کے لیے ایک خاص کورس کا مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔
- ☆ وہ طلباء جنہیں کسی خاص ڈگری پروگرام میں داخلہ لینے کے لیے ضرورت کے طور پر اضافی کورسز پڑھنے کی ضرورت ہے۔

(AIOU) اوپن کورسز کے ذریعے تمام طلباء کو ایسوسی ایٹ ڈگری کے لازمی اور اختیاری کورسز پیش کر رہا ہے تاکہ وہ اپنی پڑھائی یا پیشہ ورانہ کیریئر کے دوران اپنی مطلوبہ ضروریات کو پورا کر سکیں۔

### اوپن کورسز میں داخلہ صرف آن لائن ہوگا

| Course Code | Course Title | Credits | میڈیم |
|---|---|---|---|
| 416 | Islamiat | 3 | اردو |
| 418 | Ethics (For Non-Muslim Students Only) | 3 | " |
| 417 | Pakistan Studies | 3 | " |
| 1423 | Compulsory English-I | 3 | انگلش |
| 1424 | Compulsory English-II | 3 | " |
| 1431 | Basics of Information & Communication Technology | 3 | " |
| 1429 | Business Mathematics | 3 | " |
| 402 | Economics | 6 | اردو/انگلش |
| 404 | Urdu | 6 | اردو |
| 405 | Iqbaliat | 6 | " |
| 406 | Economics of Pakistan | 6 | " |
| 407 | Modern Muslim World | 6 | " |
| 408 | Arabic | 6 | عربی |
| 409 | Commercial Geography | 6 | اردو |
| 411 | Sociology-I | 6 | " |
| 412 | Social & Cultural Anthropology | 6 | " |
| 414 | Demography | 6 | " |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 451 | Public Relations | 3 | " |
| 452 | Mass Communication | 3 | اردو |
| 453 | Radio Broadcasting | 3 | " |
| 454 | TV Broadcasting | 3 | " |
| 455 | Book Editing | 3 | " |
| 456 | Business Taxation | 3 | انگلش |
| 460 | Mercantile Law | 3 | " |
| 461 | Advertising | 3 | اردو |
| 462 | Cost Accounting | 3 | انگلش |
| 463 | Fundamentals of Business | 3 | " |
| 481 | Auditing | 3 | " |
| 484 | Food and Nutrition | 3 | اردو |
| 485 | Health and Nutrition | 3 | " |
| 487 | Child Development | 3 | " |
| 1421 | Introduction to Environment | 3 | انگلش |
| 1430 | Business Statistics | 3 | " |
| 1428 | Commercial Geography | 3 | " |
| 1414 | Fundamentals of Money and Banking | 3 | " |
| 1413 | Financial Accounting | 3 | " |
| 1416 | Business Communication | 3 | " |
| 1415 | Introduction to Business Finance | 3 | " |
| 1427 | Principles of Management | 3 | " |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 419 | Education | 6 | " |
| 422 | Organizing Library Resources | 6 | اردو |
| 423 | Library Services | 6 | " |
| 426 | Pakistani Adab-II | 6 | " |
| 429 | Mass Education/Literacy | 6 | " |
| 430 | Principles of Journalism | 6 | " |
| 436 | Seerat-e-Tayyaba | 6 | " |
| 437 | Islamiat (E) | 6 | " |
| 458 | Community Development | 6 | " |
| 464 | Islamic Fiqh | 6 | " |
| 466 | History of Libraries with Reference to Pakistan | 6 | " |
| 467 | Classification and Cataloguing | 6 | " |
| 472 | Quran-e-Hakeem | 6 | اردو/عربی |
| 473 | Hadith | 6 | " |
| 413 | Sociology-II | 3 | اردو |
| 427 | Pakistani Adab-I | 3 | " |
| 431 | Reporting | 3 | " |
| 438 | Principles of Accounting | 3 | انگلش |
| 444 | Advance Accounting | 3 | " |
| 449 | Magazine Journalism | 3 | اردو |

## اہلیت (Eligibility)

☆ انٹرمیڈیٹ پاس۔

## اسکیم آف اسٹڈیز (Scheme of Studies)

مندرجہ بالا کورسز میں سے ہر ایک کو علیحدہ سرٹیفکیٹ کورس کے طور پر طلبا و طالبات کے لیے پیش کیا جائے گا۔ پروگرام کا دورانیہ (1 سمسٹر) ہوگا جس میں طلباء ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ 18 کریڈٹ آورز کے کورسز منتخب کر سکتے ہیں۔ ذریعہ تعلیم انگریزی/اردو ہوگا اور اسے ODL (Online Distance Mode) طریقے سے پڑھایا جائے گا/پیش کیا جائے گا۔

## درسی مواد (Study Material)

کورسز سے متعلق مواد طلباء طالبات کو پاکستان پوسٹ کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ البتہ طلباء طالبات یونیورسٹی کی ویب سائٹ http://online.aiou.edu.pk پر دستیاب مطالعاتی مواد بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

## جائزہ کا طریقہ کار (Mode of Assessment)

(i) ہر 3 کریڈٹ آور کورس دو امتحانی مشقوں پر مشتمل ہوگا جبکہ 06 کریڈٹ آور کورسز کی 4 مشقیں ہوں گی۔

(ii) فائنل امتحان ہر سمسٹر کے اختتام پر لیا جائے گا جس میں طلباء طالبات کی شرکت لازمی ہے جس میں کامیابی کے نمبر 40% ہونگے۔

(iii) کورس میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے طلبہ طالبات کو امتحانی مشقوں اور فائنل امتحان میں مجموعی طور پر 50% نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔ (پالیسی لف ہے)

## داخلہ لینے کا طریقہ کار

Online داخلہ لینے کا طریقہ کار (اوپن کورسز میں داخلہ صرف آن لائن ہوگا۔)

-1 طلبہ ویب سائیٹ (http://online.aiou.edu.pk) وزٹ کریں۔

## 2- طریقہ تعلیم کے اہم اجزا

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے بیشتر کورسز اردو زبان میں ہیں لیکن انگریزی میں پیش کردہ کورسز کی تعداد بھی کم نہیں۔ طلبا اپنے کورسز سے متعلق امتحانی پرچے اردو، انگلش دونوں زبانوں میں سے کسی ایک زبان میں دے سکتے ہیں سوائے اردو، انگلش، عربی اور فارسی کے۔ یونیورسٹی ٹرانسلیشن فراہم نہیں کرے گی۔ مزید معلومات کے لیے اپنے متعلقہ علاقائی دفتر یا یونیورسٹی کے شعبہ داخلہ سے رجوع کریں۔ یونیورسٹی کے طلبہ پورے ملک میں پھیلے ہوئے ہیں اس لئے انہیں فاصلاتی طریقہ تعلیم کے اصولوں کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔ جس میں تعلیم کا انحصار مندرجہ ذیل اجزاء پر ہوتا ہے:

(i درسی مواد

(ii امتحانی مشقیں

(iii عملی کام

(iv جزوقتی اساتذہ سے راہنمائی

(v) ریڈیو ٹیلی ویژن پروگرام

(vi) آخری امتحان

(vii) کورس کا نتیجہ

### (i) درسی مواد

طلبہ کے لئے درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ ہر کورس میں درسی مواد کے یونٹوں کی تعداد مقرر ہے۔ یونٹ میں ایک ہفتے کا درسی کام ہوتا ہے۔ ہر یونٹ کے شروع میں اس کے مقاصد پھر اسی ترتیب سے یونٹ کے مختلف موضوعات اور ہر موضوع کے بعد خود آزمائی (اپنا امتحان آپ) کے سوالات ہوتے ہیں۔ ان سوالات سے طلبہ کو اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے کورس کو کس حد تک سمجھا ہے۔ طلبہ تمام درسی مواد آن لائن فراہم کیا جائے گا۔

### (ii) امتحانی مشقیں

ہر کورس کے لئے اس کی نوعیت کے اعتبار سے امتحانی مشقوں کی ایک مخصوص تعداد مقرر کی گئی ہے۔ طلبہ کے لئے کورس کے دوران یہ امتحانی مشقیں حل کر کے اپنے ٹیوٹر کو بروقت آن لائن بھیجنا لازمی ہے۔ ٹیوٹر تصحیح اور جانچ پڑتال کے بعد یہ امتحانی مشقیں طالب علم کو آن لائن واپس بھیج دیتا ہے تا کہ طلبہ اپنی کارکردگی سے باخبر رہیں۔ ان مشقوں کے نمبر آخری امتحان میں حاصل کردہ نمبروں میں شامل کر کے نتیجہ مرتب کیا جاتا ہے۔ (ایک مکمل کورس کے لئے چار اور نصف کورس کے لئے دو امتحانی مشقیں حل کرنا ہوتی ہیں۔ فنی عملی کورسوں میں تعداد مختلف ہو سکتی ہے۔ امتحانی مشقوں میں کامیابی کے کم از کم نمبر پچاس فیصد ہوتے ہیں۔ مقررہ مشقیں بروقت نہ حل کرنے سے نتیجہ متاثر ہوتا ہے اور ان میں ناکامی کی صورت میں دوبارہ داخلہ لینا پڑتا ہے۔)

### (iii) ریڈیو، ٹیلی ویژن پروگرام

درسی مواد کو اگرچہ ہر لحاظ سے مکمل بنانے کی کوشش کی جاتی ہے تاہم مزید وضاحت اور تقویت کے لئے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام بھی پیش کئے جاتے ہیں۔ ان پروگراموں کے اوقات کی اطلاع طلبہ کو پہلے سے فراہم کر دی جاتی ہے۔ یونیورسٹی کے تمام طلبہ کی راہنمائی کے لئے ہر اتوار کو ریڈیو پاکستان سے ''جامعہ نامہ'' کا خصوصی پروگرام نشر کیا جاتا ہے۔

### (vi) آخری امتحان:

سمسٹر کے اختتام پر آخری امتحان آن لائن لیا جاتا ہے۔ اس کے بارے میں تفصیلی معلومات طلبہ کو پہلے سے مہیا کر دی جاتی ہیں۔ آخری امتحان میں کامیابی کے کم از کم نمبر پچاس فیصد ہوتے ہیں۔

آخری امتحان میں سوالات متعلقہ کورس کے تمام اسباق سے پوچھے جاتے ہیں۔ آخری امتحان میں صرف وہی طلباء شریک ہوتے ہیں جنہوں نے مشقی کام میں کامیابی حاصل کر لی ہو۔

### (v) کورس کا نتیجہ

کورس کا نتیجہ مرتب کرنے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

(الف) امتحانی مشقوں اور آخری امتحان کے کل 100 نمبروں کی (Weightage) بالترتیب 70:30 ہے۔

## 3۔ شرح فیس

**پہلے سمسٹر کی فیس:**

| | |
|---|---|
| بی کام: | 500/- ڈالر |
| بی اے جنرل: | 500/- ڈالر |

| | |
|---|---|
| رجسٹریشن فیس | 50 ڈالر |
| داخلہ فیس | 50 ڈالر |
| **فی کریڈٹ آور فیس** | 100 ڈالر |

# GENERAL INFORMATION

i. The certificates/degrees of AIOU are equivalent to any other recognized Board/University.

ii. A candidate is required to apply for admission online only.

iii. If an applicant does not receive any information regarding admission within three months from submission of application, he/she should presume no admission.

iv. A course taken by any student cannot be change during the semester. However, in real hardship cases, the change in courses will be allowed only before the start of study period after deposit of prescribed fee. The study period schedule is available on AIOU website.

v. The address of a student will not be changed during the semester.

vi. On payment of the registration fee, each student will be issued a student ID. This number must be quoted in all the future correspondence along with the roll number, course(s), code numbers and semester.

vii. Study material shall be available at the LMS and on the AIOU website.

viii. After confirmation of admission students are usually intimated about the part time tutors for each course. If you do not found information about tutors, you are required to contact the Directorate of International Collaboration & Exchange immediately without any delay.

ix. Rules and regulations framed, enhanced and changed from time to time by the authorities, bodies of the university will be effective as deemed necessary. The student will have to abide by all such rules and regulations from the date of their implementation.

x. A student who fails in continuous assessment component is not eligible to reappear but will be allowed to re-register for the same course at its next offering semester by the university.

xi. It is the responsibility of the student to remain in touch with the department regarding the selected programme.

xii. A student already admitted to a programme or a specialization of a programme shall not be allowed to transfer or to get admission to another programme unless he/she formally postpones it till the completion of the new programme or withdraws from the previous programme.

xiii. After completion of a programme successfully, a student has to apply to Controller of Examinations for issuance of certificate/degree.

xiv. The university reserves the right to change the contents of this prospectus without any prior notice as per university policy.

xv. The student must inform the Directorate of IC & E in writing about admission mistakes within the period of 15 days, which is not according to the admission form/ check list or mistake in name and address. No request for any change will be entertained after the stipulated period.

xvi. Admission cannot be granted if the fee deposited after due.

xvii. In case of discrepancies in the name of student/ Father's name of the student or difference in name mentioned in his/her other educational certificates, the name on the Matric certificate of the student will be considered as correct name. The Examination Department shall also issue certificate/ degree on the said name.

xviii. In case provision of forged documents for admission, not only the admission will be refused to the applicant but the fee deposited by him/her will also be forfeited. The university may proceed further in the matter.

xix. The degree/diploma/certificate of the student will be quashed:

   i) If any mistake found in compilation or declaration of result at any stage.

   ii) If any candidate found ineligible for a degree/ diploma/certificate during the cross verification process of result and documents at any stage.

   iii) If found that candidate submitted forged/fake/ illegal document(s) in the University at any stage.

**Note:** Beware that University has not authorized any person or private institute to collect payment/forms. All the students are instructed to deposit fee by themselves. In case of any discrepancy in admission fee/ admission form the University will not be responsible and the student will have to face the consequences.

## Availability of Learning Material

i. Learning material can be downloaded from university website: www.aiou.edu.pk

ii. All learning material would be available online for international/overseas students after the commencement of classes.

iii. Student shall download the learning material and tally with the course codes for which he/she had been registered in the semester.

iv. Students can get their learning material through AAGHI LMS portal.

## Procedure for Fee Payment

International and Overseas Students will have to pay their fee Online as per Guided Procedure:

1. Go to olpay.aiou.edu.pk

2. Enter challan number and click on "search" button.

3. Check & tally your challan details with the generated challan then click on "submit fee" button.

4. Enter credit/debit card number, card holder name, expiry and CVV code (mentioned on back side of card).

5. Click on "pay now" button.

6. A successful payment notification will be appeared with an Order ID.

7. Write Order ID and Transaction Date on the space given below.

8. Save the Order ID in your record till confirmation of your admission.

## REGULATIONS FOR REFUND OF ADMISSION FEE

(i) The Applicant/candidate/student who have submitted his/her fee for Admissions but do not wish to continue and applied for refund of fee before the start of his/her study period as per Academic Calendar available on the AIOU website corresponding to his/her respective semester i.e Autumn or Spring, the fees will be refunded after the deduction @ 10% of the total fee.

(ii) The Applicant/Candidate who was not eligible but deposited the fee for admission and applied for refund within one year from the date of fee deposit, the fee shall be refunded after deduction @15% of total fee.

(iii) The student who has deposited his/her fee in excess of due fee that total excess amount shall be refunded or adjusted as the case may be.

(iv) The Treasurer Department shall verify the fee of students and shall send the case to the Audit Department for pre-audit.

(v) The cheque will be issued to the candidate by the Campus Payment Section (CPS), Treasurer's Department.

(vi) In the case of death, the full fee will be refunded through crossed cheque in favour of the Blood Relative of deceased student, after fulfilling all the codal formalities. The refund case must be submitted within one year of fee deposit.

(vii) In case the students who are not allowed/granted admission to a program offered by the University due to less enrollment/non formation of viable group/non offering of courses, full fee will be refunded to them.

(viii) If the admission of an Applicant/Candidate is not matured due to any reason beyond the control of the University or due to unforeseen issues, the whole paid fee, without any deductions shall be refunded to the respective applicant/candidate. The refund case must be submitted within one year of fee deposit.

**Note:** Beware that University has not authorized any person or private institute to collect payment All the students are instructed to deposit fee by themselves. In case of any discrepancy in admission fee/ admission form the University will not be responsible and the student will have to face the consequences.

## REFUND OF OTHER FEE

1. All kind of other fee including but not limited to Degree fee, Re-appear exams fee, change off name / father name, examiner registration fee, tutor registration fee, late assignment evaluation fee, analysis fee, rechecking of answer scripts fee, NOC fee, subject/group change fee, thesis evaluation fee, thesis extension fee, job fee, tender fee tec. will not be refunded. Only excess fee deposited will be refunded/ adjusted.

2. The extension in thesis fee in excess shall be refunded on approval of concerned Dean with certificate that fee was deposited in excess.

3. The amount deposited in university accounts by any person/firm (other than student), by mistake or in excess shall be refunded after verification of the amount deposited

## IMPORTANT TELEPHONE NUMBERS

| Sr. # | Name | Telephone Nos. |
|---|---|---|
| 1. | Director Admissions | +92-51-9250043<br>+92-51-9571501 |
| 2. | Controller of Examinations | +92-51-9250012<br>+92-51-9250013<br>(Fax) |
| 3. | Director Students Affairs | +92-51-9572400<br>+92-51-9572401 |
| **Directorate of International Collaboration & Exchange** | | |
| 1. | Dr. Zahid Majeed<br>Director<br>Zahid_majeed@aiou.edu.pk | +92-51-9572450 |
| 2. | Sehrish Khan<br>Assistant Director<br>sehrish.khan@aiou.edu.pk | +92-51-9572471 |
| 3. | Mr. Muhammad Ajab<br>Superintendent<br>overseas@aiou.edu.pk | +92-51-9572495 |